# HOLY FAITH PRESENTATION SCHOOL

RAWALPORA SRINAGAR KASHMIR

ASSIGNMENT Unit-III (Class: - 8th – Urdu)

## سبق۔ایک لڑکی

## سوالات

**سوال۔چڑیاں کیسی جھاڑیوں میں چہچہاتی ہیں؟**

جواب۔چڑیاں گھنیری جھاڑیوں میں چہچہاتی ہیں۔

**سوال۔دوسرا بند پڑھ کر بتائے کہ لڑکی اپنی ہم جولیوں کے ساتھ کیسی جگہ پر رہنا چاہتی ہے؟**

جواب۔دوسرا بندھ پڑھ کر یہ معلوم ہوتا ہے کہ لڑکی اپنی ہم جولیوں کے ساتھ ایسی جگہ پر رہنا چاہتی ہے جہاں برسات کا موسم ہو ۔سہانی ہوا ہو اور چشموں کے پانی کا شور ہو۔

**سوال۔کوئل کیسے گیت گاتی ہے؟**

جواب۔کوئل کو کو کے میٹھے گیت گاتی ہے۔

**سوال۔اس نظم میں لڑکی نے کیا خواہش ظاہر کی ہے؟**

جواب۔ نظم ایک لڑکی میں لڑکی اپنی سہیلیوں کے ساتھ ایسی جگہ پر رہنا چاہتی ہے جہاں چڑیاں گھنیری جھاڑیوں میں چہچہاتی ہوں ۔جہاں شاخوں پر کلیاں نئ نئ خوشبو لٹاتی ہوں جن پر کوئل کو کو کے میٹھے گیت گاتی ہوں جہاں سبزہ لہلہاتا ہو۔جہاں چشموں کا پانی نرم لے میں گنگناتا ہو۔جہاں نہروں میں پانی موتی سا جھلکتا ہو۔

جہاں باغوں میں سبزہ لہکتا ہو۔جہاں پھولوں کی خوشبو سے جنگل مہکتے ہوں۔

**دیئے گئے لفظوں سے خالی جگہوں کو بھریے۔**

**ہم جولیاں۔چڑیاں۔خوشبو۔کوئلیں**

# HOLY FAITH PRESENTATION SCHOOL
RAWALPORA SRINAGAR KASHMIR

ASSIGNMENT Unit-III (Class: - 8th – Urdu)

جہاں چڑیاں گھنیری جھاڑیوں میں چہچہاتی ہوں۔

جہاں شاخوں پہ کلیاں نت نئی خوشبو لٹاتی ہوں۔

اوران پر کوئل کوکو کے میٹھے گیت گاتی ہوں۔

وہاں میں ہوں مری ہم جولیاں ہوں اور جھولا ہو۔

جوڑ ملایئے

| الف | ب |
|---|---|
| ۔چڑیاں۔ | چہچہانا |
| ۔کوئل ۔ | کوکو |
| ۔پھول ۔ | خوشبو |
| ۔چشمہ ۔ | پانی |
| ۔برسات۔ | سبزہ |

لکھے ہوئے بند کو نثر میں لکھیے۔

جہاں نہروں میں بہتا پانی موتی سا جھلکتا ہو

جہاں چاروں طرف گلزار میں سبزہ لہکتا ہو

جہاں پھولوں کی خوشبوؤں سے بن کا بن مہکتا ہو

**وہاں میں ہوں مری ہم جولیاں ہوں اور جھولا ہو**

تشریح۔لڑکی برسات کے موسم میں ایسی جگہ جھولا جھولنے کی خواہش کرتی ہے جہاں نہریں بہہ رہی ہوں اوران کا پانی موتیوں کی طرح چمک رہاہو۔جہاں ہر طرف پھول کھلے ہوں اور سبزہ لہلہاتاہواور پھولوں کی خوشبوماحول میں ہر طرف پھیلی ہوئی ہو۔شاعر نے برسات کے پر کیف ماحول میں لڑکی کی زبان سے جھولا جھولنے کی خواہش کااظہار بہت دلکش انداز میں کیا ہے۔

**لکھے ہوئے جمع الفاظ کی واحد لکھیے۔**

جوابات۔جھاڑی۔ شاخ۔ کلی۔ ہم جولی۔ چشمہ۔

**نظم میں ایک لفظ چہچہاناآیاہے اس سے چہچہاہٹ بنتا ہے۔نیچے لکھے لفظوں میں ہٹ لگا کر لفظ پورا کیجیے۔**

جوابات۔ تھرتھراہٹ۔ گنگناہٹ۔ مسکراہٹ۔ گڑگڑاہٹ۔

**اس نظم کو زبانی یاد کیجئے۔**

## سبق۔چند خلاباز خواتین

### سوالات

**سوال۔خلاکسے کہتے ہیں؟**

جواب۔زمین کی سطح سے تقریباً تین سو کلو میٹر کی بلندی کے بعد ہوا۔روشنی۔پانی۔اور آواز کی حدود ختم ہو جاتی ہیں اور نہ ختم ہونے والی وسعت شروع ہو جاتی ہے۔اسی کو خلا کہتے ہیں۔

**سوال۔خلائی پرواز کی ابتداء کب اور کس ملک نے کی؟**

جواب۔خلائی پرواز کی ابتداء چودہ اکتوبر کو روس نے کی۔

# HOLY FAITH PRESENTATION SCHOOL

RAWALPORA SRINAGAR KASHMIR

ASSIGNMENT Unit-III (Class: - 8th – Urdu)

سوال۔ سب سے پہلے خلا میں کسے بھیجا گیا تھا؟

جواب۔ سب سے پہلے خلا میں لائکا نام کی ایک کتیا کو بھیجا گیا تھا۔

سوال۔ خلا میں جانے والی پہلی خاتون کس ملک کی تھی اور ان کا نام کیا ہے؟

جواب۔ خلا میں جانے والی پہلی خاتون روس کی ویلینٹنا ترشیکوا تھیں۔

سوال۔ خلا میں جانے والی امریکی خواتین کون کون سی ہیں؟

جواب۔ خلا میں جانے والی امریکی خواتین سیلی رائڈ۔ کیتھی سلیوان۔ جوڈتھ ریجنک ہیں۔

سوال۔ ہندوستانی خلا باز خاتون کا کیا نام ہے؟

جواب۔ ہندوستانی خلا باز خاتون کا نام کلپنا چاولا ہے۔

سوال۔ کلپنا نے اپنے کس قول کو سچ کر دکھایا؟

جواب۔ کلپنا نے اپنے اس قول کو سچ کر دکھایا کہ میں خلائی مشن کے لئے بنی ہوں اور اسی کے لئے مروں گی

خالی جگہوں کو پر کیجئے۔

۔۔یہ دراصل۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کو خلا میں بھیجنے کی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تھی۔

۔۔خلا بازی کی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میں عورتیں بھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نہیں رہیں۔

۔۔امریکہ کی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔خواتین کامیابی کے ساتھ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کا سفر کر چکی ہیں۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔پہلی ہندوستانی خلا باز ہیں۔

# HOLY FAITH PRESENTATION SCHOOL

RAWALPORA SRINAGAR KASHMIR

ASSIGNMENT Unit-III (Class: - 8th – Urdu)

۔۔ان خوابوں کو پورا کرنا ہی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔نے اپنی زندگی

کا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بنالیا تھا۔

۔۔ان کی اس۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔قربانی کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

جوابات۔انسان۔تیاری۔

مہم۔مردوں سے کسی طرح پیچھے۔

تین۔خلا۔

راکیش شرما۔

اس۔مقصد۔

عظیم

نیچے لکھے ہوئے محاورات اور الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجیے۔

پہل کرنا۔ خواب دیکھنا۔ ٹھان لینا۔ خلا۔پرواز۔ آلات

جملے۔

اچھے کام میں پہل کرنا نیکی ہے۔

کسی مقصد کو حاصل کرنے کے لیے محنت کرنی پڑتی ہے صرف خواب دیکھنے سے بات نہیں بنتی۔

میں نے استاد بننے کی ٹھان لی ہے۔

کلپنا چاولا کو خلا میں لے جانے کا بے حد شوق تھا۔

موسم کی خرابی کی وجہ سے ہوائی جہاز کی پرواز معطل کی گئی۔

جہاز کے انجن میں کئی آلات نصب کیے جاتے ہیں۔

**کالم الف اور ب کے تحت دیئے گئے لفظوں کو جوڑیئے۔**

**جوابات۔**

| الف | ب |
|---|---|
| اسپورتنک | لائیکا |
| ویلنٹنا ترشیکوا | روس |
| امریکہ | سیلی رائڈ |
| ہندوستان | کلپنا چاولا |
| اسپوتینگ اول | چار اکتوبر انیس سو ستاون عیسوی |
| یوری گگارین | بارہ اپریل انیس سو اکسٹھ عیسوی |

# HOLY FAITH PRESENTATION SCHOOL

RAWALPORA SRINAGAR KASHMIR

ASSIGNMENT Unit-III (Class: - 8th – Urdu)

## سبق۔ گوتم بدھ

## سوالات

**سوال۔ گوتم بدھ کا اصل نام کیا تھا اور کہاں پیدا ہوئے؟**

جواب۔ گوتم بدھ کا اصلی نام سدھارتھ تھا۔ وہ کپل وستو میں پیدا ہوئے جو نیپال کی سرحد کے قریب شمالی ہندوستان کا ایک شہر ہے۔

**سوال۔ گوتم بدھ نے کس عمر میں زندگی سے کنارہ کشی کی؟**

جواب۔ گوتم بدھ انیتس برس کی عمر میں زندگی سے کنارہ کش ہو گئے۔

**سوال۔ گوتم بدھ یوگی اور سنیاسی کیوں بنے؟**

جواب۔ گوتم بدھ یوگی اور سنیاسی سچ کی تلاش کے لئے بنے۔

**سوال۔ گوتم بدھ کی تعلیمات میں سے چار اعلیٰ سچائیاں کون کون سی ہیں؟**

جواب۔ گوتم بدھ کی تعلیمات میں سے چار اعلیٰ سچائیاں درج ذیل ہیں۔

انسانی زندگی اپنی جبلی حیثیت میں دکھوں کا مسکن ہے۔

دکھوں کا سبب خواہشات ہیں۔

خواہشات کو پیدا ہونے سے روکا جا سکتا ہے۔ یعنی نروان حاصل کرنے کی کوشش کرنا۔

کڑی تپسیا یا سہل پسندی کے بجائے میانہ روی اختیار کرنا۔

# HOLY FAITH PRESENTATION SCHOOL

RAWALPORA SRINAGAR KASHMIR

ASSIGNMENT Unit-III (Class: - 8th – Urdu)

**سوال۔آٹھ راست راہوں سے کیا مراد ہے؟**

جواب۔آٹھ راستوں راہوں سے یہ مراد ہے۔

صحیح علم

صحیح ارادہ

صحیح کلام

صحیح عمل

جائز حلال کمائی

صحیح کوشش

نیک خیال

صحیح غور وفکر

**کالم الف کو کالم ب کے ساتھ مناسب طریقے سے جوڑیے۔**

| الف | ب |
|---|---|
| گوتم بدھ | بدھ مت کا بانی |
| کپل وستو | شمالی ہندوستان کا ایک شہر |
| یوگ مذہبی | ورزش |

# HOLY FAITH PRESENTATION SCHOOL

RAWALPORA SRINAGAR KASHMIR

ASSIGNMENT Unit-III (Class: - 8th – Urdu)

چار اعلیٰ سچائیاں بدھ مت کی بنیادی تعلیمات

راست تفکر آٹھ راست راہوں میں سے ایک

خالی جگہیں بھر لیجیے۔

جوابات۔

زندگی۔ نروان۔ جھگڑے۔ خدمتِ خلق۔ ایمانداری۔ پراگندہ۔ بیدار۔ سوچ بچار۔

## سبق۔ ہماری تاریخ

### سوالات

سوال۔ نظم کے مطابق ہندوستان میں مختلف تہوار کیسے منائے جاتے تھے؟

جواب۔ نظم کے مطابق انگریزی حکومت سے پہلے ہندوستان میں مختلف تہوار ہر مذہب کے لوگ مل جل کر پیار محبت سے منا تے تھے۔

سوال۔ اجنبی ہاتھوں سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

جواب۔ اجنبی ہاتھوں سے شاعر کی مراد فرنگیوں کی حکومت سے ہے۔

سوال۔ ہماری تاریخ کو کس طرح بدل دیا گیا؟

جواب۔ ہماری تاریخ کو انگریزوں نے چالاک سیاست کے ذریعے بدل دیا۔

سوال۔ہمارے ملک کی تاریخ کیا رہی ہے؟

جواب۔ہمارے ملک کی تاریخ دل جوئی ودلداری۔محبت۔وفا۔اخوت۔رواداری۔امن واصول کی تاریخ رہی ہے۔

سوال۔آزادی ملنے کے بعد ہم خود کو کیسا محسوس کرتے ہیں؟

جواب۔آزادی ملنے کے بعد ہم خود کو آزاد محسوس کرتے ہیں۔ہر ایک لحاظ سے ہمارے ذہن آزاد ہو چکے ہیں۔ہمارے جذبات تنگ اور اندھیرے گھیروں سے نکل آئے ہیں۔ہم لوگوں کی فکر و عمل اور یقین ایک جیسا ہے۔دنیا میں کون سی قوم ہے جو کہتی ہے کہ ہم ایک نہیں ہیں۔

سوال۔شاعر نے آخری بند میں ایکتا کی کیا پہچان بتائی ہے؟

جواب۔شاعر نے آخری بند میں ایکتا کی یہ پہچان بتائی ہے کہ لوگوں کے فکر و عمل اور یقین ایک ہیں۔ہمارا وطن ایک ہے اور ہماری زمین ایک ہے۔

نیچے لکھے ہوئے بند کو مکمل کیجیے۔

جوابات۔

تاریخ

اہنسا۔سبق

نہ اٹھا

نانک

# HOLY FAITH PRESENTATION SCHOOL

RAWALPORA SRINAGAR KASHMIR

ASSIGNMENT Unit-III (Class: - 8th – Urdu)

نیچے لکھے ہوئے لفظوں کو جملوں میں استعمال کیجئے۔

ہمیشہ اجالے میں رہنے کی کوشش کرنی چاہیے۔

ہمارے پڑوس میں کوئی اجنبی شخص آیا ہے۔

ہمارے پیارے نبی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کسی سے نفرت نہیں کرتے تھے۔

آٹھویں جماعت کے طلباء وطالبات بہت چالاک ہیں۔

میں نے ہمیشہ اپنے دوستوں کے ساتھ وفا کی۔

ہم اپنی زندگی امن وسکون سے گزارنا چاہتے ہیں۔

کشمیر کے لوگ آزاد رہنا چاہتے ہیں۔

ان لفظوں کی جمع لکھیے۔

جوابات۔

تہمتیں۔ فرنگی۔ افکار۔ اعمال۔ جذبات۔